وزیر اعظم کی روسی فیڈریشن کے صدر سے ملاقات (ستمبر 01، 2025)

ستمبر 01، 2025

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج چین کے شہر تیانجن میں شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہ اجلاس کے موقع پر روسی فیڈریشن کے صدر محترم ولادیمیر پوتن سے ملاقات کی۔

2.دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعاون پر بات چیت کی، جس میں اقتصادی، مالیاتی اور توانائی کے شعبے شامل ہیں، اور ان شعبوں میں دوطرفہ تعلقات کی مسلسل ترقی پر طمانیت کا اظہار کیا گیا۔

3. دونوں رہنماؤں نے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلۂ خیال کیا، جن میں یوکرین سے متعلق تازہ ترین پیش رفت بھی شامل تھی۔ وزیر اعظم نے یوکرین تنازعہ حل کرنے کے لیے حال میں اٹھائے گئے اقدامات کی حمایت کا اعادہ کیا اور اس بات پر زور دیا کہ اس تنازعہ کو فوری طور پر ختم کیا جائے اور ایک پائیدار امن معاہدہ تلاش کیا جائے۔

4. دونوں رہنماؤں نے دونوں ملکوں کے درمیان خصوصی اور ترجیحی کلیدی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے سے متعلق اپنی حمایت کا اعادہ کیا۔ وزیر اعظم نے صدر پوتن کو پیغام دیا کہ وہ اس سال کے اواخر میں بھارت میں منعقد ہونے والے 23ویں سالانہ سربراہ اجلاس کے موقع پر ان کے استقبال کے منتظر ہیں۔

تیانجن
ستمبر 01، 2025